© rasailojaraid.com



کے شروع میں مرتب نے مصنف کے حالات تفصیل سے لکھے ہیں اور اس کتاب کا حرف سپاس معروف مصنف اور کالم نگار غازی اسلام رانا محمد شفیق خاں پسروری صاحب نے لکھا ہے۔

بلاشبہ یہ خطبات بہت عمدہ اور خطباء کے لیے بڑے مفید ہیں۔ حسنِ طباعت کے لحاظ سے قیمت بھی مناسب ہے۔ اس کتاب کے مرتب مولانا سعید چنیوٹی صاحب کی محنت اور ذوق تحقیق نے اس کتاب کے حسن کو نہ صرف اجاگر کر دیا ہے بلکہ انہوں نے یہ کام کر کے بڑی خدمت سرانجام دی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی کو اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرمائے۔ آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

نام کتاب: تذکرہ بزرگانِ علوی سوہدرہ

مرتبہ: ملک عبدالرشید عراقی

تزئین وترتیب: قمرالحمید فیصل

صفحات: 165 قیمت: 70

ناشر وملنے کا پتہ: مسلم پبلیکشنز سوہدرہ براستہ وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ

وزیرآباد سے چند میل کے فاصلے پر دریائے چناب کے کنارے آباد "سوہدرہ" مدتِ دراز سے علم وفضل اور اصحابِ قلم و قرطاس کا مرکز رہا ہے۔ اس قصبے کی مشتِ خاک سے بڑی بڑی نامور شخصیات نے جنم لیا۔ جنھوں نے اپنے قلمی کارناموں اور تبحر علمی سے ایک دنیا کو مستفید فرمایا۔ اس قصبے کی علمی شہرت کا جو لوگ باعث بنے ان میں اس گاؤں کے علوی خاندان کے علماء جن کے جد امجد غلام نبی ربانی رحمۃ اللہ علیہ تھے' کو خاص مقام حاصل ہے۔ پیشِ نگاہ کتاب میں اس علوی خاندان کے علماء ذی وقار مولانا غلام نبی ربانی' مولانا عبدالحمید سوہدروی' مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی' مولانا حافظ محمد یوسف' حافظ عبدالوحید' حبیب الرحمٰن' مولانا محمد ادریس فاروقی حفظہ اللہ کے تفصیلی حالات اور علمی وتدریسی' تصنیفی اور تبلیغی خدمات کا تذکرہ دلچسپ پیرائے میں کیا گیا ہے اور کسی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا گیا۔ شروع کتاب میں تحریک اہل حدیث کے فوائد وثمرات' اسماء الرجال اور سوانح نگاری کی اہمیت' تاریخ سوہدرہ' اس قصبے کے مدارس' تاریخی مساجد' کتب خانے' قدیم عمارتیں' یہاں کی صنعت وحرفت' تجارت اور اس قصبے میں شائع ہونے والے اخبارات ورسائل کے بارے میں معلومات دی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں کئی نامور اہل قلم نے اپنے اپنے اسلوب وانداز میں مصنف اور سوہدرہ کے علوی خاندان پر تاثرات لکھے ہیں۔ کتاب کا یہ نقشِ ثانی ہے۔ اس میں بہت سے اضافے کیے گئے ہیں۔ اس کتاب کے مصنف ملک عبدالرشید عراقی صاحب معروف سوانح نگار اور چالیس سے اوپر کتب کے مصنف ومؤلف ہیں۔ ان کی یہ کتاب معلوماتی اور تاریخی اعتبار سے نہایت عمدہ ہے۔

جو قارئین علمائے اہل حدیث کے سوانحی تذکرے پڑھنے کا ذوق رکھتے ہیں ان کے لیے خاصے کی چیز ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆



© rasailojaraid.com